مطبوعات

انٹروڈکشن ٹو اسلام
اسلام کا تعارف

انگریزی - از ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب ۔ صفحات ۲۰۰ ۔ تقطیع بڑی قیمت پانچ روپیہ - پتہ: (۱) حبیب اینڈ کمپنی اسٹیشن روڈ، حیدرآباد (ہند) (۲) مصطفیٰ صاحب معرفت عبدالاحد صاحب انصاری مکان نمبر ۶۷۶/۸ہم وٹھل بھائی روڈ (۲۲۳) ناظم جناح کالونی - کراچی نمبر ۵ -

اسلام کے مشہور محقق جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں - دین حق کی تبلیغ واشاعت میں جو مخلصانہ جدوجہد وہ کر رہے ہیں اُس کا اجر آخرت میں تو انشاء اللہ انہیں ملیگا ہی، لیکن اُن کی یہ بے لوث سعی اس دنیا میں بھی لوگوں سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہے - زیر تبصرہ کتاب اُن کے علم واخلاص کی ایک جیتی جاگتی تصویر ہے -

انگریزی زبان میں اگرچہ اسلام پر بیشمار کتابیں مسلموں اور غیر مسلموں کے قلم سے لکھی جا چکی ہیں لیکن کوئی ایسی جامع تصنیف موجود نہ تھی جو غیر مسلموں کی پوری طرح رہنمائی کر سکتی - ڈاکٹر صاحب ساری امتِ مسلمہ کی طرف سے جزائے خیر کے مستحق ہیں کہ آخر انہوں نے اس فرض کفایہ کو نہایت خوبی سے سرانجام دیا - اس کتاب کے پندرہ ابواب میں وہ سب کچھ خوش ترتیبی اور خوش اسلوبی سے سمیٹ دیا گیا ہے جس کی ضرورت کسی انگریزی دان نو مسلم کو پڑ سکتی ہے چند عنوانات یہ ہیں :-

(۱) سوانح رسالتآب صلی اللہ علیہ وسلم (۲) محفوظیت تعلیمات اسلامی (۳) اسلام کا تصور حیات (۴) ایمانیات ومعتقدات (۵) عبادات (۶) سیاسیات اسلامی (۷) اسلامی معاشیات (۸) تاریخ اسلام --- ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب میں جو اسلوب نگارش اختیار کیا ہے وہ بھی اُن کی دوسری تصنیفات سے بالکل الگ اور جداگانہ ہے - فاضل مصنف کا رجحان چونکہ تحقیق کی طرف زیادہ ہے اس لیے

(باقی پچھلے صفحہ پر)